Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

7 اپریل، 2020

عزیزی اہلِ خانہ:

اس مسلسل بدلتے ہوئے عوامی صحت کے بحران کے دوران، ہمارے تمام طلبا کی صحت اور حفاظت مسلسل ہماری اولین ترجیح رہے گی۔ ہمیں معلوم ہے کہ نیویارک میں رہنے والوں کے لیے یہ ایک کڑا وقت ہے، مگر خصوصاً ہمارے ان طلبا کے لیے جو سندیافتگی (گریجوئیشن) کے قریب ہے۔ برائے مہربانی اس کا یقین رکھیں کہ ہم ذرائع اور معاونت کی فراہمی کے لیے موجود ہیں تاکہ تمام سندیافتہ ہونے والے طلبا ہائی اسکول کو کامیابی سے مکمل کرنے کی راہ میں گامزن رہیں۔ ذیل میں سندیافتگی کی مطلوبات سے متعلق جدید رہنمائی دی گئی ہے۔

ذیل میں سندیافتگی کی ضروری مطلوبات کی تازہ ترین ہدایات ہیں۔
ہم آپ کی نیویارک سٹی اسکولز اکاؤنٹس (NYCSA) کو دیکھنے کی حوصلہ افزائی کریں گے تاکہ آپ کے طالب علم کی سندیافتگی کی جانب پیشرفت پر نظر رکھی جا سکے۔ اہل خانہ کسی طالب علم کے حاصل کیے گئے کریڈٹس کو دیکھنے، امتحانات پاس کرنے، طالب علم کی کریڈٹس میں پیشرفت جاننے، اور باقی ماندہ کریڈٹس جو انہیں ریجنٹس یا ایڈوانس ریجنٹس ڈپلومہ کے حصول کے لیے ضروری ہیں، دیکھنے کے لیے NYCSA میں گریجوئیشن ٹریکر کا استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی ایک اکاؤنٹ موجود نہیں ہے تو آپ یہاں ایک اکاؤنٹ بنا سکتے ہیں: .mystudent.nyc گو کہ NYCSA میں معلومات آپ کے بچے کے اسکول سے بات چیت کا متابادل نہیں ہے، مگر آپ کو اور آپ کے طالب علم کی سندیافتگی کی جانب سفر کی راہ کا جائزہ لینے میں مدد دے سکتی ہے۔

جون ریجنٹس امتحانات منسوخ ہو گئے ہیں، اور چند طلبا کو امتحانات کا استثنا حاصل ہو گیا ہے
NYSED اور بورڈ آف ریجینٹس نے جون 2020 ریجنٹس امتحانات منسوخ کر دیے ہیں۔ نتیجتاً، جو طلبا کسی جون 2020 ریجینٹس دینے کا ارادہ رکھتے تھے وہ جون 2020 ریجینٹس سے استثنا کے اہل ہو گئے ہیں۔ اس استثنا کا اطلاق ذیل پر ہے:

- وہ طالب علم جس کا اندراج آجکل ایسے کورس میں ہوا ہے جس کا اختتام جون ریجینٹس امتحانات پر ہوتا ہے اور جسے اس کورس میں کریڈٹ حاصل ہوگا۔
- وہ طالب علم جس کا اندراج آجکل ایسے کورس میں ہوا ہے جس کا اختتام جون ریجنٹس امتحانات پر ہوتا ہے اور جو تعلیمی سال کے آخر میں کریڈٹ حاصل کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے، مگر اس فیل کورس کریڈٹ کی تلافی کے لیے موسم گرما تدریس میں واپس آتا ہے۔ ایسے طالب علم کو بعدازاں اگست 2020 میں ڈپلومہ کریڈٹ سے نوازا جائے گا۔
- وہ طالب علم جو پہلے ایک ایسے کورس میں مندرج تھا جس میں ریجنٹس امتحان ہوتا ہے، کورس کریڈٹ حاصل کر لیا ہے اور ابھی تک اس سے وابستہ ریجنٹس امتحان پاس نہیں کیا ہے مگر اس کا ارادہ جون میں امتحان دے کر ایک پاسنگ اسکور حاصل کرنا تھا۔

گوکہ ریجنٹس امتحان منسوخ کر دیے گئے ہیں، طلبا کو سندیافتگی کے لیے کریڈٹس کے حصول کے لیے ابھی بھی اپنے مطلوبہ کورس ورک کومکمل کرنا ضروری ہے۔

کورس کریڈٹس کی مطلوبات وہی رہیں گی
گو کہ کلاسیں نئے انداز میں تبدیل ہو گئی ہیں، تدریس کے طریقۂ کار سے کورس کریڈٹس کی مطلوبات پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔ اس سے قطع نظر کہ وہ کلاس روم میں یا ریموٹلی (مواصلاتی) تعلیم حاصل کر رہے ہیں، طلبا کو سندیافتگی کے لیے 44 کریڈٹس حاصل کرنا لازم ہے۔

ریموٹ لرننگ کے دوران، اساتذہ طالب علم کے کام کو گریڈ کرنا جاری رکھیں گے تاکہ انہیں ان کی پیشرفت سے متعلق معلومات ملتی رہیں۔ ان کے کورسس کے اختتام پر، طلبا کو ویسے ہی حتمی گریڈز وصول ہوں گے جیسے کہ روائتی انداز کی تعلیم میں حاصل ہوتے۔

اگر طلبا نے اپنے کورسس پاس کر لیتے ہیں، انہیں کورس کریڈٹ ملے گا۔ اگر طلبا کو اپنے کورسس کی راہ میں مسلسل رہنے کے لیے اضافی مدد درکار ہے، انہیں اپنے اساتذہ سے رابطہ میں رہنا چاہیے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

گریڈ نکالنے کے دوران حاضری کو استعمال نہیں کیا جائے گا.
ماضی میں، چند اسکول طالب علم کے حتمی گریڈ نکالنے میں حاضری کو ایک عنصر کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ حاضری کو اب گریڈنگ میں ایک عنصر کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکے گا۔ اسکول ریموٹ لرننگ کے دوران طالب علم کے باعمل رہنے اور شمولیت کی نگرانی جاری رکھیں گے، مگر بنیادی طور پر طالب علم کو ان کے کورس کی تعلیمی مطلوبات کی تکمیل کی بنیاد پر گریڈ کیا جائے گا۔ اگر آپ کے گریڈنگ پالیسی سے متعلق سوالات ہیں اپنے اسکول سے رجوع کریں۔

سندیافتگی کی مطلوبات سے متعلق مزید معلومات اور حالیہ تبدیلیوں کو جاننے کے لیے، برائے مہربانی اپنے اسکول سے رابطہ کریں یا یہاں جائیں schools.nyc.gov/graduationrequirements.

اس مشکل وقت کے دوران ہم یہاں اپنے تمام محکمۂ تعلیم کمیونٹی کی معاونت کے لیے موجود ہیں۔ کرونا وائرس سے متعلق محکمۂ تعلیم کی معمول کی تازہ ترین معلومات کے لیے، برائے مہربانی یہاں جائیں schools.nyc.gov/coronavirus.

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمۂ تعلیم